روحانیت کا سفر

محمد زاہد
فاضل ہدایہ اکیڈمی



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلامی روحانیت — قرآن و سنت کی روشنی میں

فہرستِ مضامین:

مقدمہ

الحمدُ للهِ الَّذي هدانا لهذا وما كنا لنهتدي لولا أن هدانا الله،

نحمدُه ونستعينُه ونستغفرُه، ونعوذُ بالله من شرور أنفسِنا ومن سيئاتِ أعمالِنا.

مَن يَهدِهِ اللهُ فلا مُضلَّ له، ومَن يُضلل فلا هاديَ له.

وأشهدُ أن لا إلهَ إلا الله وحده لا شريك له، وأشهدُ أن محمدًا عبدُه ورسولُه،

صلى الله عليه وعلى آله وصحبِه أجمعين،

ومن تبعهم بإحسانٍ إلى يومِ الدين، أما بعد:

اسلام انسان کے ظاہری اور باطنی دونوں پہلوؤں کی اصلاح کا دین ہے۔ یہ محض عبادات یا رسمیات کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک ایسا کامل نظامِ حیات ہے جو انسان کے دل، روح اور عمل کو نورِ الٰہی سے منور کرتا ہے۔ اسلامی روحانیت اسی نظام کا باطنی پہلو ہے، جو انسان کو اپنے خالق سے جوڑتی ہے، اور اسے حیوانی زندگی سے بلند کر کے مقامِ انسانیت بلکہ بندگی کی معراج تک پہنچاتی ہے۔ قرآنِ مجید کا مقصد بھی یہی ہے کہ انسان "زندگی کے ظاہر" کے ساتھ ساتھ اپنے "باطن" کو بھی سنوارے:

﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴾ (سورۃ الجمعۃ:2)

"وہی ہے جس نے اَن پڑھوں میں ایک رسول انہیں میں سے مبعوث فرمایا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتا ہے، اور بے شک وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے۔

انسان قربِ الٰہی کی جستجو **اپنی فطرت کے تقاضے** کے تحت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی روح میں **اپنی پہچان اور محبت کا بیج** رکھا ہے۔
جب انسان دنیا کی فانی لذتوں سے اُکتا جاتا ہے، تو دل کسی ایسی حقیقت کی تلاش میں نکلتا ہے جو **دائمی سکون** دے — اور وہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

قرآن میں فرمایا گیا:

﴿أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾

"جان لو! دلوں کا سکون صرف اللہ کے ذکر میں ہے۔" (سورۃ الرعد: 28)

یہی وجہ ہے کہ:

- انسان **قربِ الٰہی** کے لیے تڑپتا ہے، کیونکہ اس کی **اصل روحانی نسبت** اللہ سے ہے۔
- جب وہ گناہوں، غفلت، یا دنیا کی الجھنوں میں کھو جاتا ہے، تو دل میں **خلا** پیدا ہوتا ہے۔
- یہ خلا صرف **اللہ کی یاد، عبادت، اور محبت** سے پُر ہوتا ہے۔

یعنی قربِ الٰہی کی جستجو دراصل **اپنی اصل کی طرف لوٹنے کا سفر** ہے۔ روح اپنے خالق سے ملاقات کی تڑپ رکھتی ہے، اور اسی تڑپ کا نام "جستجوئے قربِ الٰہی" ہے۔ قربِ الٰہی (یعنی اللہ تعالیٰ کی نزدیکی، محبت اور رضامندی حاصل کرنے) کے لیے انسان کو اپنے ظاہر و باطن دونوں کو سنوارنا پڑتا ہے۔ یہ ایک روحانی سفر ہے جس میں دل، نیت، اور عمل تینوں کا خالص ہونا ضروری ہے۔
روح کے اس تعلق کو اپنے رب سے جوڑنے اور مضبوط کرنے کے اس طریقے کا نام روحانیت کا سفر ہے۔
جب انسان دنیا میں آگے بڑھنے اور ترقی کے لئے اتنی محنت کرتا ہے تو اپنے رب سے ملنے کے لئے کیوں محنت نہ کرے۔ جبکہ دنیاوی زندگی چند روزہ ہے۔ جبکہ اخروی زندگی جہاں انسان ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔ اگر انسان دنیا کی زندگی میں یہ کوشش کرتا ہے کہ فلاں علاقے میں میرا گھر ہو اور اتنا بڑا ہو اگر کارنر کا پلاٹ ہو تو کیا کہنا اس میں یہ یہ آسائشیں موجود ہوں۔ سکون کی زندگی ہو۔ اور ایسی ایسی نعمتیں ہوں اور محبت کرنے والے اہل خانہ ہوں۔ تو آخرت کی زندگی جس کے لئے اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں سے وعدہ ہے۔

﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ﴾ (سورۃ المائدہ: 9)
اللہ نے وعدہ کیا ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک کام کیے کہ ان کے لیے بخشش ہے اور بڑا اجر ہے۔

﴿وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾ (سورۃ التوبہ: 72)

" اللہ نے ایمان دار مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں کا وعدہ دیا ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے اور عمدہ مکانوں اور ہیشگی کے باغوں میں، **اور اللہ کی رضا ان سب سے بڑی ہے، یہی وہ بڑی کامیابی ہے**"۔ (سورۃ التوبہ: 72)

﴿وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوْا خَيْرًا ۗ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ (30) جَنَّاتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ ۖ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ۚ كَذٰلِكَ يَجْزِی اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ (31)﴾ (سورۃ النحل: 30-31)

اور پرہیز گاروں سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے، تو کہتے ہیں اچھی چیز، جنہوں نے نیکی کی ہے (ان کے لیے) اس دنیا میں بھی بہتری ہے، اور البتہ آخرت کا گھر تو بہت ہی بہتر ہے، اور پرہیز گاروں کا کیا ہی اچھا گھر ہے۔ ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، جو چاہیں گے انہیں وہاں ملے گا، اللہ پرہیز گاروں کو ایسا ہی بدلہ دے گا۔

﴿اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ (50) اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ (51) فِيْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ (52) يَلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَابِلِيْنَ (53) كَذٰلِكَ ۖ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ (54) يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ (55) لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (56) فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (57)﴾ (سورۃ الدخان: 50-57)

"بے شک یہی ہے جس کی نسبت تم شک کیا کرتے تھے۔ بے شک پرہیز گار ہی امن کی جگہ میں ہوں گے۔ باغوں اور چشموں میں۔ باریک ریشم اور گاڑھا پہن کر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ یونہی ہو گا، اور ہم ان کا نکاح بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیں گے۔ وہ اس میں ہر قسم کا میوہ امن و اطمینان سے طلب کریں گے۔ وہاں پہلی موت کے سوا اور موت کا مزہ نہ چکھیں گے، اور انہیں اللہ دوزخ کے عذاب سے بچا لے گا۔ یہ آپ کے رب کا فضل ہو گا، یہی وہ بڑی کامیابی ہے۔" (سورۃ الدخان: 50-57)

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَآئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (30) نَحْنُ اَوْلِيَآؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۖ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ (31) نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ (32)﴾ (سورہ فصلت: 30-32)

"بے شک جنہوں نے کہا تھا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے ان پر فرشتے اتریں گے کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور جنت میں خوش رہو جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے دنیا میں بھی دوست تھے اور آخرت میں بھی، اور بہشت میں تمہارے لیے ہر چیز موجود ہے جس کو تمہارا دل چاہے اور تم جو وہاں مانگو گے ملے گا۔ بخشنے والے نہایت رحم والے کی طرف سے مہمانی ہے۔" (سورہ فصلت: 30-32)

﴿اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ (45) اُدْخُلُوْهَا بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ (46) وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ (47) لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ (48)﴾ (سورۃ الحجر: 45-48)

"بے شک پرہیز گار باغوں اور چشموں میں رہیں گے۔ ان باغوں میں سلامتی اور امن سے جا کر رہو۔ اور ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کر دیں گے سب بھائی بھائی ہوں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھنے والے ہوں گے۔ انہیں وہاں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے"۔ (سورۃ الحجر: 45-48)

روحانیت کا لغوی و اصطلاحی مفہوم

لفظ "روحانیت" عربی لفظ "روح" سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے "زندگی بخش قوت" یا "اندرونی حقیقت"۔
قرآنِ کریم میں روح کو اللہ کی خاص نسبت دی گئی ہے:

﴿وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي﴾ (سورۃ الإسراء:85)

"وہ آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ روح میرے رب کے امر میں سے ہے۔"

موجودہ دور میں آپ اسے "Software" سمجھ لیجئے۔ جو کہ بظاہر دکھائی نہیں دیتا لیکن اس کے بغیر Hardware یعنی انسانی جسم ایک لاش ہے۔ لیکن اصل یہی Software ہی ہے۔ جو کہ تمام کام کر رہا ہے اور جس میں نہ صرف سارا Data محفوظ ہے۔ بلکہ اسکا backup بھی لیا جا رہا ہے۔ اور یہ Software کسی دوسرے سسٹم میں کاپی کر کے چلایا جائے گا تو نہ صرف چل جائے گا بلکہ اسکا Audit بھی ہو گا۔
اس لئے یہ ضروری ہے کہ اس Software کو ہر قسم کے Viruses , Spams & spywares سے بچایا جائے۔ ورنہ اگر اسکا data corrupt ہوا تو یہ Audit نہ صرف مشکل ہو جائے گا بلکہ اس حساب کتاب کو زیادہ مشکل اور سخت کر دے گا۔

اصطلاحاً روحانیت سے مراد ہے:

"انسان کا اپنے باطن کو پاک کر کے، اللہ تعالیٰ سے تعلقِ خاص پیدا کرنا، اور دل کو معرفتِ الٰہی سے منور کرنا۔"
یعنی اپنے اس ڈیٹا کو محفوظ بنانا اور اسے اپنے سب سے بڑے دشمن کے شر سے بچانا۔ اب آپ روحانیت کو ایک Firewall سمجھ لیجئے جو کہ آپ کے اس اس ازلی دشمن سے آپکے ایمان کو بچا کر آخرت کے اس Audit کو آسان بنائے گی۔ اب یہ Firewall جس قدر اچھی اور updated ہو گی یہ ڈیٹا یعنی ایمان اتنا ہی محفوظ ہو گا۔

روحانیت کا تصور مختلف ادیان میں

دنیا کے تقریباً تمام مذاہب میں روحانیت کا تصور کسی نہ کسی صورت میں موجود رہا ہے۔

- ہندومت میں مراقبہ اور یوگا کے ذریعے روحانی بلندی کا تصور ہے۔ اور اس کے لئے سنیاس لینا پڑتا ہے انسان سب کچھ چھوڑ کر جنگلوں میں نکل جاتا ہے اور تمام لذتیں خود پر حرام کر لیتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض افراد لباس کی قید سے بھی آزاد ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ یوگا کی مشقتیں جھیلنا اور بھوکے رہنا اور خود اذیتی بھی اس میں شامل ہے۔
- بدھ مت میں نروان یا مکتی، یعنی نفس کی خواہشات سے نجات حاصل کرنا مقصدِ اعلیٰ سمجھا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ہندومت کی طرح سنیاس لینا۔ اور تمام لذتیں خود پر حرام کر کے نفس کشی کی جاتی ہے اور طویل اور مختلف طریقے سے یوگا کیا جاتا ہے۔
- عیسائیت میں روح القدس اور قربِ مسیح کے ذریعے روحانی پاکیزگی کا تصور پایا جاتا ہے۔ لیکن وہاں رہبانیت ہے۔ یعنی مجرد زندگی گزارنا اور خود کو نفسانی اور دوسری خواہشات سے محروم رکھنا۔

مگر اسلام نے ان سب سے بالاتر، توحید پر مبنی روحانیت پیش کی — ایسی روحانیت جو رہبانیت نہیں، بلکہ دنیا میں رہ کر اللہ کی یاد کے ساتھ زندگی گزارنے کا نام ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:﴿ وَّرَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ﴾ (سورة الحدید:27)

" اور ترک دنیا جو انہوں نے خود ایجاد کی ہم نے وہ ان پر فرض نہیں کی تھی مگر انہوں نے رضائے الٰہی حاصل کرنے کے لیے ایسا کیا پس اسے نباہ نہ سکے جیسے نباہنا چاہیے تھا، تو ہم نے انہیں جو ان میں سے ایمان لائے ان کا اجر دے دیا" (سورة الحدید:27)

اسلام میں روحانیت، رہبانیت کا نام نہیں۔ نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے۔

عن انس بن مالك رضي الله عنه يقول جاء ثلاثة رهط إلى بيوت ازواج النبي صلى الله عليه وسلم يسالون عن عبادة النبي صلى الله عليه وسلم فلما اخبروا كانهم تقالوها فقالوا واين نحن من النبي صلى الله عليه وسلم قد غفر له ما تقدم من ذنبه وما تاخر قال احدهم اما انا فإني اصلي الليل ابدا وقال آخر انا اصوم الدهر ولا افطر وقال آخر انا اعتزل النساء فلا اتزوج ابدا فجاء رسول الله صلى الله عليه وسلم إليهم فقال: «انتم الذين قلتم كذا وكذا اما والله إني لاخشاكم لله واتقاكم له لكني اصوم وافطر واصلي وارقد واتزوج النساء فمن رغب عن سنتي فليس مني»

سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، تین اشخاص نبی ﷺ کی عبادت کے متعلق پوچھنے کے لیے نبی ﷺ کی ازواج مطہرات کے پاس آئے، جب انہیں اس کے متعلق بتایا گیا، تو گویا انہوں نے اسے کم محسوس کیا، چنانچہ انہوں نے کہا: ہماری نبی ﷺ سے کیا نسبت؟ اللہ نے تو ان کی اگلی پچھلی تمام خطائیں معاف فرما دی ہیں، ان میں سے ایک نے کہا: میں تو ہمیشہ ساری رات نماز پڑھوں گا۔ دوسرے نے کہا: میں دن کے وقت ہمیشہ روزہ رکھوں گا اور افطار نہیں کروں گا اور تیسرے نے کہا: میں عورتوں سے اجتناب کروں گا اور میں کبھی شادی نہیں کروں گا۔ نبی ﷺ ان کے پاس آئے اور پوچھا: تم وہ لوگ ہو جنہوں نے اس طرح، اس طرح کہا ہے، اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور تم سے زیادہ تقویٰ رکھتا ہوں، لیکن میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں، رات کو نماز پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور میں عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں، پس جو شخص میری سنت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں۔ (مشکوۃ المصابیح/کتاب الإیمان/حدیث:145، صحيح البخاري(5063)ومسلم«(1403 /5)

اسلام میں روحانیت کی اساسات:



اسلامی روحانیت کی بنیاد چند بنیادی اصولوں پر قائم ہے:

1. ایمان — اللہ، رسول ﷺ، آخرت، فرشتوں اور تقدیر پر یقین۔
2. عبادت — اللہ سے قرب حاصل کرنے کا ذریعہ۔
3. ذکر و دعا — دل کی صفائی اور روح کی غذا۔
4. تزکیۂ نفس — گناہوں اور برائیوں سے نفس کی پاکیزگی۔
5. اخلاص و احسان — ہر عمل میں اللہ کی رضا مقصود رکھنا۔

یہی پانچ ستون اسلامی روحانیت کا ڈھانچہ تشکیل دیتے ہیں۔

قرآنِ کریم میں روحانیت


قرآنِ کریم میں روحانیت کی تعلیم صریح اور واضح انداز میں موجود ہے۔

چند نمایاں پہلو درج ذیل ہیں:

(الف) **ذکرِ الٰہی:**

﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ﴾(الرعد:28)

"وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے تسکین ہوتی ہے، خبردار! اللہ کی یاد ہی سے دل تسکین پاتے ہیں۔"



کثرت سے اللہ پاک کا ذکر اور پیارے رسول ﷺ پر درود پاک پڑھا کریں۔ جزاک اللہ

(ب) **اخلاص:**

﴿وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ ۚ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ﴾ (البینۃ:5)

"اور انہیں صرف یہی حکم دیا گیا تھا کہ اللہ کی عبادت کریں ایک رخ ہو کر خالص اسی کی اطاعت کی نیت سے، اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں، اور یہی محکم دین ہے۔"

(ج) **تزکیۂ نفس**

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

1۔ ﴿قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى﴾(سورۃ الاعلیٰ:14)

بے شک وہ کامیاب ہوا جو پاک ہو گیا۔

2۔ ﴿قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا﴾(سورۃ الشمس:9)

"بیشک کامیاب ہوا وہ جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا۔" (الشمس:9)

یہ آیات بتاتی ہیں کہ روحانیت محض مراقبہ یا وجد نہیں، بلکہ ایمان، ذکر، اور اخلاقی تزکیہ کا مجموعہ ہے۔

نبی کریم ﷺ کی روحانی زندگی

رسولِ اکرم ﷺ کی پوری زندگی روحانیت کا عملی نمونہ ہے۔ بعثت سے قبل آپ ﷺ غارِ حرا میں تنہائی میں غور و فکر کرتے تھے، اور بعثت کے بعد آپ کی راتیں قیام و دعا میں گزرتی تھیں۔

اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: "رسول اللہ ﷺ ہر حال میں اللہ کا ذکر فرمایا کرتے تھے۔" (مسلم)

آپ ﷺ کی روحانیت کا مرکز عبادت میں اخلاص اور مخلوق کے لیے شفقت تھی۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کے سب سے محبوب بندے وہ ہیں جو دوسروں کے لیے نفع بخش ہوں۔" (الطبرانی)

تزکیۂ نفس اور احسان

روحانیت کی معراج "احسان" ہے، جسے نبی ﷺ نے یوں بیان فرمایا:


"احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت اس طرح کرے جیسے تو اسے دیکھ رہا ہے، اور اگر ایسا ممکن نہ ہو تو یقین رکھ کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔" (بخاری و مسلم)

احسان انسان کے اندر اللہ کی موجودگی کا شعور پیدا کرتا ہے، جس سے دل میں خشیت، عاجزی، اور محبتِ الٰہی پیدا ہوتی ہے۔ یہی کیفیت روحانیت کا حقیقی جوہر ہے۔

صوفیاء کرام کا روحانی تصور

اسلامی تاریخ میں صوفیاء نے روحانیت کے عملی پہلو کو زندہ کیا۔

انہوں نے بتایا کہ: "روحانیت کا مطلب دنیا سے بھاگنا نہیں، بلکہ دل کو دنیا کی محبت سے خالی کرنا ہے۔"



حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "تصوف یہ ہے کہ تیرا دل اللہ کے ساتھ ہو اور تیرا جسم لوگوں کے ساتھ۔"

صوفیاء کے نزدیک روحانیت تین مراحل پر مشتمل ہے:

1. توبہ و مجاہدہ – گناہوں سے دوری۔
2. ذکر و مراقبہ – دل کی بیداری۔
3. معرفت و محبت – اللہ سے قرب کا حصول۔

روحانیت اور دنیاوی زندگی کا توازن

اسلام نے روحانیت کو زندگی سے جدا نہیں کیا بلکہ اسے زندگی کا حسن بنایا۔

قرآن میں ہے: ﴿وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ﴾ (سورۃ القصص:77)

اور جو کچھ تجھے اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر حاصل کر، اور اپنا حصہ دنیا میں سے نہ بھول، اور بھلائی کر جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی ہے۔"

یعنی روحانی انسان وہ ہے جو دنیا میں رہتے ہوئے بھی دل کو اللہ سے جوڑے رکھے۔ یعنی انسان دنیا میں ہوتے ہوئے بھی اپنے رب سے غافل نہ ہو۔ اور اس کا رب سے تعلق ایسا مضبوط ہو کہ جب بھی اس کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے تو اسے لگے کہ ہاں یہ میرا ہی رب ہے نہ کہ ایسا لاتعلق ہو کہ خیال کرے کہ شاید میرا تو اس سے کوئی تعلق نہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں: "دنیا تمہارے ہاتھ میں ہو، دل میں نہ ہو۔"

روحانیت کے عملی ثمرات

روحانیت کا اثر انسان کی پوری شخصیت پر ظاہر ہوتا ہے۔ اللہ والوں کو دیکھئے۔ ان کے چہروں پر ایک اطمینان اور سکون نظر آئے گا۔ اور وہ دنیاوی پریشانیوں سے دور نظر آئیں گے۔ وہ ہر وقت پیسے اور دنیا کی دوڑ سے دور ہوں گے۔

روحانیت کے اس سفر میں یہ مقام آتا ہے جب

- دل میں سکون اور اطمینان پیدا ہوتا ہے۔
- غرور، حسد، اور لالچ ختم ہوتے ہیں۔
- محبت، ایثار، اور حلم پیدا ہوتا ہے۔
- بندہ اللہ سے راضی اور لوگوں کے لیے باعثِ رحمت بن جاتا ہے۔

قرآن کریم میں آتا ہے:

﴿يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ، ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً﴾(الفجر:27-28)

اے اطمینان والی روح۔ اپنے رب کی طرف لوٹ چل، تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔

روحانیت کی سیڑھی کے تین درجے۔

روحانیت کے اس سفر میں صرف ایمان ہی کافی نہیں بلکہ اس سے آگے کے درجات بھی ہیں۔

ایمان ← یقین ← احسان

ایمان، یقین اور احسان دراصل **روحانیت کی تین منازل یا سیڑھیاں** ہیں۔ جو انسان کو اللہ کی معرفت تک پہنچاتی ہیں۔ آیئے ایک ایک کر کے سمجھتے ہیں۔

پہلا درجہ: ایمان

تعریف: التصدیق بالقلب، والإقرار باللسان، والتعبیر عنہ بالأعمال

لغوی معنی :

ایمان کا لفظ عربی زبان میں "امن پانے" یا کسی کو "امن دینے" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ بھروسہ اور امانت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

اصطلاحی معنی :

شریعت کی اصطلاح میں، ایمان سے مراد ہے ان تمام بنیادی باتوں کی دل سے تصدیق کرنا جو دین میں ضروری ہیں، جیسے اللہ پر یقین، فرشتوں پر یقین، آسمانی کتابوں پر یقین، رسولوں پر یقین، آخرت پر یقین، اور تقدیر پر یقین۔

ایمان کا مطلب ہے **دل سے تصدیق، زبان سے اقرار، اور عمل سے اظہار**۔ یعنی بندہ اللہ، رسول ﷺ، آخرت، فرشتوں، کتابوں اور تقدیر پر سچے دل سے ایمان لائے۔

ایمان کی تین اہم فرض

دل سے ایمان لانا, ایمان کو دل میں رکھنا, ایمان کی حالت میں دنیا سے جانا.

ایمان کی علامات

- ایمان کی علامات صرف دل میں یقین تک محدود نہیں ہیں، بلکہ یہ انسان کے عقیدے، عمل، اور اخلاق میں بھی ظاہر ہوتی ہیں۔
- مومن کو خوشی میں شکر اور مصیبت میں صبر کرنے کی توفیق ملتی ہے، اور اس کے ہر معاملے میں خیر ہوتی ہے۔

کیفیت:

- یہ علم و قبولیت کا درجہ ہے — دل مان لیتا ہے لیکن مشاہدہ نہیں ہوتا۔ یہ ایمانِ بالغیب (غیب پر ایمان) ہے۔
- **مثال :** جیسے کوئی شخص قرآن سے جانتا ہے کہ جنت و جہنم ہیں، مگر وہ انہیں ابھی نہیں دیکھتا۔

دوسرا درجہ: یقین

تعریف: یقین ایمان کا اگلا درجہ ہے، یعنی جب ایمان شک سے پاک ہو کر **دل کے اطمینان** میں بدل جائے۔

دل کا کسی حقیقت پر اس طرح مطمئن اور مطلق سکون پا جانا کہ اس میں کسی قسم کا شک، تذبذب یا گمان باقی نہ رہے۔ یعنی کسی چیز پر کامل اعتماد اور اطمینان رکھنا، جس میں کوئی شک وشبہ نہ ہو۔ یہ ایمان کا ایک اعلیٰ درجہ ہے جو اعتماد، اعتبار اور مکمل بھروسے سے حاصل ہوتا ہے۔

یقین کی تعریف :

یقین کا مطلب ہے کسی شے، بیان یا نظریے پر مکمل بھروسہ کرنا اور اس میں ذرہ برابر بھی شک نہ ہونا۔

لغوی معنی:

عربی میں "یقین" کا مادہ ہے **ي-ق-ن**، جس کے معنی ہیں **ثبوت، استقرار، اور پختگی**۔

مذہبی تناظر :

اسلامی نقطہ نظر سے، یقین کا مطلب اللہ کی ذات پر مکمل بھروسہ اور اطمینان ہے۔ اس کے لیے قرآن وسنت کی پیروی اور عمل کا ہونا ضروری ہے، جو زندگی کو آسان اور پر سکون بناتا ہے۔

اصطلاحی معنی (اسلامی نقطۂ نظر سے):

ایمان کے بعد دل میں پیدا ہونے والی وہ پختہ کیفیت جس سے بندہ یہ جان لے کہ: "اللہ تعالیٰ، اس کا رسول ﷺ، اور آخرت سب حق ہیں، اور ان میں کوئی شک نہیں۔"

قرآن میں:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ﴾ (سورۃ الحجر: 99)

" اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہو یہاں تک کہ تمہیں یقین (یعنی موت) آجائے۔"

یہاں "یقین" کا مطلب **پختہ علم اور موت کے ذریعہ حقیقت تک پہنچنا** ہے۔

حدیث مبارکہ میں:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **"یقین ایمان کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے۔"** (ترمذی)

یعنی جب ایمان شک سے پاک ہو جائے، تو وہ یقین بن جاتا ہے۔

یقین کے درجے:

- **علم الیقین :** کسی شے کے بارے میں علم اور دلیل کی بنیاد پر اتنا یقین پیدا ہونا کہ کوئی تردد باقی نہ رہے۔
- **عین الیقین :** یہ علم جب مشاہدے کی صورت اختیار کر لے اور کسی شے کو براہ راست دیکھ کر یا تجربہ کر کے اس پر یقین آئے، تو اسے عین الیقین کہتے ہیں۔
- **حق الیقین :** جب کسی شے کی حقیقت اور اس کی تہہ تک رسائی حاصل ہو جائے، تو اسے حق الیقین کہتے ہیں۔

بعض صوفیہ نے **یقین کی مزید حالتیں** بھی لکھی ہیں جیسے "یقینِ قلب"، "یقینِ نفس" اور "یقینِ روح" وغیرہ، مگر بنیادی طور پر شریعت و تصوف میں یہ **تین درجاتِ یقین** ہی سب سے زیادہ معروف ہیں۔

صوفیانہ مفہوم:

صوفیہ کے نزدیک یقین وہ **نورِ باطن** ہے۔ جس سے بندہ اللہ کو **مشاہدۂ دل** کے ذریعے پہچانتا ہے ۔یعنی گویا وہ "غیب" کو "حاضر" کی طرح محسوس کرے۔

صوفیہ کے اقوال

یقین کے بارے میں مشہور صوفی و عرفا کے چند منتخب اور جامع اقوال پیش ہیں:

- **حضرت حسن بصری** رحمۃ اللہ علیہ: "یقین وہ ہے کہ دنیا کی زینت تمہارے دل کو دھوکہ نہ دے اور آخرت تمہاری آنکھوں کے سامنے ہو جائے"۔
- **حضرت امام جنید بغدادی** رحمۃ اللہ علیہ: "یقین یہ ہے کہ بندہ اللہ پر ایسے بھروسہ کرے گویا اس کے سوا کوئی موجود ہی نہیں".
- **حضرت بشر حافی** رحمۃ اللہ علیہ: "یقین بندۂ مؤمن کا ساتھی ہے، جب یقین کمزور ہوتا ہے تو دل خوف زدہ رہتا ہے".
- **حضرت سفیان ثوری** رحمۃ اللہ علیہ: "اگر لوگوں کے دل میں آخرت کے بارے میں یقین ہوتا تو وہ اس دنیا میں کبھی آباد نہ ہوتے".
- **حضرت ذوالنون مصری** رحمۃ اللہ علیہ: "یقین دل کے اندر وہ روشنی ہے جس سے دنیا اندھیری لگنے لگتی ہے اور آخرت روشن ہو جاتی ہے".

- **حضرت شبلی** رحمۃ اللہ علیہ: "یقین تب کامل ہوتا ہے جب بندہ ہر حال کو اللہ کی طرف سے دیکھے — نہ کسی سے شکوہ کرے نہ کسی سے امید".
- **حضرت ابن عطاء اللہ اسکندری** رحمۃ اللہ علیہ **(حکمت)**: "جب تمہارا یقین مضبوط ہو جائے تو اسباب کمزور پڑ جاتے ہیں اور مسبّب (اللہ) غالب آجاتا ہے".

کیفیت:

یہ ایمان کا ثمر ہے۔ دل اب اللہ کے وعدوں کو ایسے دیکھتا ہے گویا سامنے ہوں۔ ایمان علم ہے، یقین بصیرت ہے۔

مثال: جیسے کوئی بندہ اس یقین سے عمل کرے کہ اللہ دیکھ رہا ہے، خواہ وہ اکیلا ہو یا لوگوں میں۔

تیسرا درجہ: احسان

تعریف: جیسا کہ حدیثِ جبریل علیہ السلام میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«الإحسان أن تعبد الله كأنك تراه، فإن لم تكن تراه فإنه يراك »(صحیح بخاری، حدیث نمبر:4772، صحیح مسلم/کتاب الإیمان/حدیث:97)

"احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت اس طرح کرے گویا تو اسے دیکھ رہا ہے، اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم از کم یہ یقین رکھ کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔"

کیفیت:

یہ روحانیت کا اعلیٰ ترین مقام ہے جہاں بندہ علم و یقین کے بعد **مشاہدۂ قلب تک** پہنچ جاتا ہے۔ یعنی دل میں اللہ کی حضوری محسوس ہونے لگتی ہے۔

ایمان کا مطلب ہے دل سے تصدیق کرنا اور اس پر یقین رکھنا ہے۔ لغت کے اعتبار سے اس کا مطلب امن، بھروسہ اور تصدیق ہے، جب کہ اصطلاح میں یہ اللہ کی وحدانیت، انبیاء کی نبوت، اور دیگر ضروریات دین جیسے تمام بنیادی عقائد کی دل سے تصدیق کرنا ہے۔ ایمان میں اقرار (زبان سے کہنا) اور عمل دونوں شامل ہیں۔

سورۃ الیوسف میں اکثر مرتبہ حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے محسن یعنی احسان کرنے والے کا لفظ ذکر ہوا ہے۔ جیسے ان کے بھائیوں نے ان کے لئے کہا۔

﴿قَالُوْا یٰٓاَیُّهَا الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ﴾(سورة اليوسف : 78)

انہوں نے کہا اے عزیز! بے شک اس کا باپ بوڑھا بڑی عمر کا ہے سو اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لے، ہم تم کو احسان کرنے والا دیکھتے ہیں۔

اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس جیل میں آنے والے دونوں قیدی ان سے اپنے خواب کی تعبیر معلوم کرنے کے لئے انھیں اس طرح عرض کرتے ہیں۔

﴿وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَیٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ﴾(سورۃ الیوسف:36)

" اور اس کے ساتھ دو جوان قید خانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑ تا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اٹھا رہا ہوں کہ اس میں سے جانور کھاتے ہیں، ہمیں اس کی تعبیر بتلا، ہم تجھے نیکو کار سمجھتے ہیں "۔(سورۃ الیوسف:36)

ان آیات مبارکہ میں مذکور لفظ محسنین اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ انبیاء کرام کا ایمان احسان کے درجہ پر ہوتا تھا۔یعنی وہ ہر وقت اس کیفیت میں ہوتے تھے گویا کو اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ عزیز مصر کی بیوی نے جب انھیں اکسانے کی کوشش کی تو انھوں نے فرمایا۔

﴿قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ﴾(سورۃ الیوسف:23)

اس نے کہا اللہ کی پناہ، وہ تو میرا آقا ہے جس نے مجھے عزت سے رکھا ہے، بے شک ظالم نجات نہیں پاتے۔

اور اس کی وجہ اللہ تعالیٰ یوں بیان فرماتے ہیں۔

﴿وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۚ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ۚ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ﴾ (سورۃ الیوسف:24)

" اور البتہ اس عورت نے تو اس پر ارادہ کر لیا تھا، اور اگر وہ اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا تو اس کا اردہ کر لیتا، اسی طرح ہوا تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو ٹال دیں، بے شک وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا"۔(سورۃ الیوسف:24)

یقین اور ایمان:

ایمان اور یقین میں فرق یہ ہے کہ ایمان میں شواہد کے بغیر (غیبی طور پر)یقین کیا جاتا ہے، جبکہ یقین کی بنیاد شواہد، ثبوت یا مشاہدے پر ہوتی ہے۔

"ایمان" اور "یقین" میں فرق

ایمان اور یقین دونوں ایک دوسرے سے گہرے تعلق رکھتے ہیں، لیکن ان میں **باریک مگر اہم فرق** ہے۔ آیئے آسان الفاظ میں سمجھتے ہیں

پہلو	ایمان	یقین
لغوی معنی	تصدیق کرنا، مان لینا	پختہ علم حاصل کرنا، شک سے پاک ہونا
ابتداء / نتیجہ	ایمان ابتدا ہے	یقین ایمان کا کمال و نتیجہ ہے
دل کی کیفیت	دل مان لیتا ہے مگر کبھی شک یا کمزوری آ سکتی ہے	دل بالکل مطمئن ہو جاتا ہے، شک کی گنجائش نہیں رہتی
درجہ	ایمان عام مومن کا درجہ ہے	یقین خاص بندوں کا درجہ ہے (انبیاء، اولیاء، صالحین)
مثال	کوئی شخص مانتا ہے کہ قیامت آئے گی—یہ ایمان ہے	کوئی شخص ایسے یقین سے جیتا ہے کہ گویا قیامت اس کی آنکھوں کے سامنے ہے—یہ یقین ہے
نتیجہ	ایمان سے عمل شروع ہوتا ہے	یقین سے عمل میں استقامت آتی ہے

قرآن سے مثال :

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے ایک مرتبہ خداوند قدوس کے دربار میں یہ عرض کیا کہ۔۔یا اللہ تو مجھے دکھادے کہ تو مردوں کو کس طرح زندہ فرمائے گا؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ۔۔۔اے ابراہیم! کیا اس پر تمہارا ایمان نہیں ہے۔۔تو آپ نے عرض کیا کہ کیوں نہیں؟

میں اس پر ایمان تو رکھتا ہوں لیکن میری تمنا یہ ہے کہ اس منظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں تاکہ میرے دل کو قرار آجائے۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ۔"تم چار پرندوں کو پالو اور ان کو خوب کھلا پلا کر اچھی طرح ہلا لو پھر تم انہیں ذبح کر کے اور ان کا قیمہ بنا کر اپنے گردونواح کے چند پہاڑوں پر تھوڑا تھوڑا گوشت رکھ دو۔ پھر ان پرندوں کو پکارو تو وہ پرندے زندہ ہو کر دوڑتے ہوئے تمہارے پاس آجائیں گے اور تم مردوں کے زندہ ہونے کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ لوگے"۔

چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک مرغ، ایک کبوتر، ایک گدھ، ایک مور۔ ان چار پرندوں کو پالا۔ اور ایک مدت تک ان چاروں پرندوں کو کھلا پلا کر خوب ہلا لیا۔ پھر ان چاروں پرندوں کو ذبح کر کے ان کے سروں کو اپنے پاس رکھ لیا اور ان چاروں کا قیمہ بنا کر تھوڑا تھوڑا گوشت اطراف و جوانب کے پہاڑوں پر رکھ دیا اور دور سے کھڑے ہو کر ان پرندوں کا نام لے کر پکارا کہ۔۔(یَاَیُّهَا الدِّیْکُ) اے مرغ (یَاَیَّتُهَا الْحَمَامَۃُ) اے کبوتر، (یَاَیُّهَا النَّسْرُ) اے گدھ (یَاَیُّهَا الطَّاؤُسُ) اے مور۔

آپ علیہ السلام کی پکار پر ایک دم پہاڑوں سے گوشت کا قیمہ اڑنا شروع ہو گیا اور ہر پرند کا گوشت، پوست، ہڈی، پر، الگ ہو کر چار پرند تیار ہو گئے اور وہ چاروں پرند بلا سروں کے دوڑتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ گئے اور اپنے سروں سے جڑ کر دانہ چگنے لگے اور اپنی اپنی بولیاں بولنے لگے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی آنکھوں سے مردوں کے زندہ ہونے کا منظر دیکھ لیا اور ان کے دل کو اطمینان و قرار مل گیا۔

اس واقعہ کا ذکر اللہ جل جلالہ نے قرآنِ مجید کی سورہ بقرہ میں ان لفظوں کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ:۔

﴿ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىٕنَّ قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ۠ ﴾ (سورة البقرة : 260)

ترجمہ: اور یاد کر جب ابراہیم نے کہا اے میرے پروردگار! مجھ کو دکھا کہ تو مردے کو کس طرح زندہ کرے گا، فرمایا کہ کیا تم یقین نہیں لاتے؟ کہا کیوں نہیں لیکن اس واسطے چاہتا ہوں کہ میرے دل کو تسکین ہو جائے، فرمایا تو چار جانور اڑنے والے پکڑ پھر انہیں اپنے ساتھ مانوس کر لے پھر (انہیں ذبح کرنے کے بعد) ہر پہاڑ پر ان کے بدن کا ایک ایک ٹکڑا رکھ دے پھر ان کو بلا تیرے پاس جلدی سے آئیں گے، اور جان لے کہ بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔۔(البقرۃ260)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مردوں کے زندہ ہونے کا منظر نظر آیا اور ان کے دل میں نور اطمینان کی تجلی ہوئی۔ جس کی بدولت انہیں نفسِ مطمئنہ کی دولت مل گئی۔

یہاں فرق واضح ہوا:

ابراہیم علیہ السلام ایمان والے تھے، لیکن وہ ایمان کو **یقین** کے درجے تک بڑھانا چاہتے تھے۔ ایمان، **یقین** کا پہلا زینہ ہے۔ جب ایمان دل میں راسخ ہو جائے، علم و تجربہ سے مضبوط ہو جائے، تو وہ **یقین** بن جاتا ہے۔

تینوں درجات کا خلاصہ

درجہ	کیفیت	مثال
ایمان	دل مانتا ہے	علم کے ذریعے — "اللہ موجود ہے"
یقین	دل مطمئن ہوتا ہے	ایمان میں شک باقی نہیں رہتا
احسان	دل مشاہدہ کرتا ہے	گویا اللہ کو دیکھ رہا ہو

روحانی ترتیب:

ایمان ← یقین ← احسان ← معرفتِ الٰہی

ان تینوں درجات کو حاصل کرنے کا عملاً تربیتی راستہ (تزکیہ و مراقبہ کی روش) یعنی "ایمان سے احسان تک پہنچنے کے عملی مراحل"۔

آیئے اب دیکھتے ہیں کہ ایک بندہ ایمان سے **یقین** اور پھر **احسان تک عملاً** کیسے پہنچتا ہے یعنی روحانی ترقی کا عملی راستہ۔

ہم اسے چار مرحلوں میں بیان کرتے ہیں:

1. تزکیۂ نفس
2. ذکر و مراقبہ
3. صحبتِ صالحین
4. مجاہدہ و استقامت

1۔ تزکیۂ نفس (دل کی صفائی)

یہ سب سے پہلا مرحلہ ہے۔ تزکیہ نفس کا مطلب ہے نفس کو برائیوں اور گناہوں سے پاک کرنا تاکہ روحانی پاکیزگی حاصل ہو اور اللہ سے قربت نصیب ہو سکے۔ یہ نفس کو برائی کی خواہشات سے پاک کرنے اور اسے روحانی نشوونما کے لیے بہتر بنانے کا ایک عمل ہے۔ تزکیہ نفس کے طریقوں میں اپنی ذات کی اصلاح اور اللہ کی ذات سے محبت و عبادت شامل ہیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى﴾ (سورۃ الاعلیٰ:14)

بے شک وہ کامیاب ہوا جو پاک ہو گیا۔

اور

﴿قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا﴾ (سورۃ الشمس:9)

"بیشک کامیاب ہوا وہ جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا۔" (الشمس:9)

تزکیہ نفس کا مطلب

- **پاکیزگی کا عمل :**

اپنے نفس میں موجود شر اور گناہوں کی آلودگیوں کو دور کر کے اسے پاک کرنے کا عمل ہے۔

- **روحانی نشوونما :**


یہ روحانی نشوونما میں رکاوٹ بننے والی بدی کی خواہشات پر غلبہ پانے اور انہیں ختم کرنے کا نام ہے۔

- **اللہ سے قربت :**

یہ ایمان کی مضبوطی، اللہ کے قرب اور روحانیت کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔

نفس کی اقسام

- **نفس امارہ** : وہ نفس جو برائی کا حکم دیتا ہے۔
- **نفس لوامہ**: وہ نفس جو گناہ کرنے پر ملامت کرتا ہے۔
- **نفس مطمئنہ**: وہ نفس جو سکون و اطمینان کی حالت میں ہوتا ہے۔





تزکیہ نفس کے طریقے اور نتائج

تزکیہ نفس کے طریقے

نیت کا اخلاص: تزکیہ نفس کے سفر کا آغاز اللہ کی رضا کے لیے خالص نیت سے ہوتا ہے۔

جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: إنما الأعمال بالنيات ، وإنما لكل امرئ ما نوى

"اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، اور ہر شخص کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی"

یعنی سب سے پہلے تو اپنے نیتوں کو درست کر لیا جائے۔ اگر نیت اللہ سبحان و تعالیٰ تک پہنچنے کی ہو گی تو ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ تک پہنچ کر رہے گا۔ اور اگر نیت محض دکھاوا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں تو شہرت عطا فرما دیں گے۔ لیکن اپنا قرب عطا نہیں فرمائیں گے۔

قرآن وسنت پر عمل: اللہ کے احکامات اور نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے طریقوں کی پیروی کرنا روح کو طاقت دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ اس کے احکامات پر عمل کرنے میں ہے۔ اسی وجہ سے اگر آپ دیکھیں تو تمام اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے اس کے دین پر تھے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بات مانے بغیر کوئی اس کے مقربین میں شامل ہو جائے۔ اور سنت قرآن مجید کی عملی تفسیر ہے۔ اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک کو بھی نہیں اپنائے گا۔ تو سیدھے راستے پر کیسے ہو گا۔

عبادت کی پابندی: نماز، ذکر، تلاوتِ قرآن اور صدقہ جیسی عبادات سے روحانی عادات کو مضبوط کریں۔ اس لئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی لئے ضروری ہے۔ جتنا کوئی شخص اللہ کو یاد کرے گا اللہ تعالیٰ بھی اس کو اتنا ہی یاد رکھیں گے۔ اس مقصد کے لئے فرض نمازوں کے ساتھ ساتھ نفل نمازوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو بھی اس کا حکم دیا۔

﴿يَآ اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝١ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٢ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝٣ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝٤﴾ (سورۃ المزمل:1-4)

اے چادر اوڑھنے والے۔ رات کو قیام کر مگر تھوڑا سا حصہ۔ آدھی رات یا اس میں سے تھوڑا سا حصہ کم کر دے۔ یا اس پر زیادہ کر دو اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔

﴿وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾ (سورۃ الاسراء : 79)

اور کسی وقت رات میں تہجد پڑھا کرو جو تیرے لیے زائد چیز ہے، قریب ہے کہ تیرا رب تجھے مقام محمود میں پہنچا دے۔

مذکورہ آیات مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا قرب چاہیے تو قیام اللیل کا بھی اہتمام کرنا ہو گا۔ اور قرآن مجید کی تلاوت بھی ضروری ہے۔ یہ سیڑھیاں ہیں بلندی کی طرف اس سفر کی۔ کسی اللہ والے کا قول ہے کہ نماز مومن کی معراج ہے۔ یعنی بندہ حالت نماز میں اپنے رب کے قریب ہوتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"جب میرا دل چاہتا ہے کہ میں اللہ سبحان و تعالیٰ سے بات کروں تو میں نماز قائم کرتا ہوں اور جب میرا دل چاہتا ہے کہ اللہ سبحان و تعالیٰ مجھ سے بات کریں تو میں قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں"۔

ذکر و استغفار: اللہ کا کثرت سے ذکر اور استغفار کرنا دل کو صاف کرتا ہے۔

﴿ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴾ (سورۃ الرعد:28)

وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے تسکین ہوتی ہے، خبردار! اللہ کی یاد ہی سے دل تسکین پاتے ہیں۔

﴿فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا﴾ (سورہ النصر 3)

تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے اور اس سے مغفرت مانگیے، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

یعنی استغفار کی کثرت نہ صرف انسان کو گناہوں سے بچاتی ہے بلکہ دلوں کے میل کو ختم بھی کرتی ہے۔ اور نیک لوگوں کے درجات کو بلند کر کے انھیں اللہ تعالیٰ کے قریب کرتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔

حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «وَاللَّهِ إِنِّي لَأَسْتَغْفِرُ اللَّهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ فِي اليَوْمِ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِينَ مَرَّةً»

صحيح البخاري :كِتَابُ الدَّعَوَاتِ (بَابُ اسْتِغْفَارِ النَّبِيِّ ﷺ فِي اليَوْمِ وَاللَّيْلَةِ:6307)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا:" اللہ کی قسم! میں ایک دن میں اللہ کے حضور ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار اور توبہ کرتا ہوں"۔

اور انبیاء کرام تو معصوم ہوتے ہیں۔ اور نبی ﷺ تو امام الانبیاء ہیں اور ان کی یہ توبہ امت کی تعلیم کے لئے ہے۔ اور کثرت سے استغفار کرنا اللہ کے قرب کا حاصل کرنا آسان کرتا ہے۔



خود احتسابی: باقاعدگی سے اپنے اعمال کا جائزہ لیں اور توبہ کریں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ﴾(سورة الحشر : 18)

"اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ہر شخص کو چاہیے وہ دیکھ لے کہ وہ کل کے لیے کیا آگے بھیج رہا ہے اللہ سے ڈرو اللہ اس سے مکمل باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو" (الحشر 18)۔

تفسیر ابن کثیر (رحمۃ اللہ علیہ) میں اس آیت مبارکہ کی تفسیر یوں ہے کہ (ہر شخص کو چاہیے کہ وہ دیکھ لے کہ کل کے لیے کیا آگے بھیج رہا ہے) یعنی "حساب کتاب کے لیے جانے سے قبل ہی اپنا محاسبہ کرو اور سوچ لو کہ تم نے آخرت کے دن اور اپنے رب کے سامنے پیش ہونے کے دن کے لیے کون کونسے نیک اعمال کا ذخیرہ کر رکھا ہے۔ یاد رکھو کہ وہ تمہارے تمام اعمال اور احوال سے باخبر ہے اور اس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں"۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

عقلمند وہ ہے جو اپنے آپ کو پہچان لے اور موت کے بعد کے لیے تیاری کرے۔ وہ شخص عاجز (عقل سے محروم) ہے جو چلے تو نفسانی خواہشات کے پیچھے لیکن امیدیں اللہ سے لگائے۔

عموماً دیکھا گیا ہے کہ ہمیشہ وہی پودا مضبوط اور پھلدار درخت بنتا ہے مالی یا کسان جس کی بہترین نگہداشت کرتا ہے، اُسے مضرُ جڑی بوٹیوں سے اور موسمی حالات کی تباہ کاریوں سے بچاتا ہے۔ اسی طرح ایک انسان بھی معاشرے میں اُسی وقت اشرف المخلوقات کے درجہ پر فائز ہو گا جب وہ اپنے باطن میں نفس، شیطان اور دنیا کی پیدا کردہ مضر و تباہ کن نفسانی بیماریوں یعنی حسد، لالچ، کینہ، بغض اور جھوٹ وغیرہ سے پاک ہو جائے گا۔

دوسروں کی عیب جوئی تو ہر کوئی کر سکتا ہے۔ لیکن سب سے مشکل کام اپنے عیب نکالنا اوران سے چھٹکارا پانا ہے۔ اصلاحِ شخصیت کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنا احتساب خود کرے، اپنے باطن کو مقربِ الٰہی بنانے کے لیے ہر لمحہ اور ہر سانس تگ و دو کرے۔ خود احتسابی سے ہی انسانی فطرت مثبت ہوتی ہے، سوچ تفرقاتی نظریہ سے آزاد ہوتی ہے، علم و عمل کے تضادات ختم ہوتے ہیں اور سب سے بڑھ کر معرفت و قربِ الٰہی کی راہیں کھلتی ہیں۔ آج مسلمان کی پست حالی، رسوائی اور زوال پذیری کی اصل وجہ خود سے ناآشنائی ہی ہے۔ انسان اپنی اصلاح اور تربیت پر توجہ دینے کی بجائے اپنی تمام تر صلاحیتیں دوسروں پر نکتہ چینی اور عیب جوئی جیسے نفسانی و شیطانی کاموں میں صرف کر رہا ہے۔

اس کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ رات کو سونے سے پہلے اپنے دن بھر کے کاموں کا جائزہ لے اور پھر ان پر استغفار کرے۔ اور اگلے دن کو آج سے بہتر بنانے کا ارادہ کرے۔

اچھی صحبت: نیک لوگوں کے ساتھ وقت گزاریں، جو آپ کو آخرت کی یاد دلائیں اور نیکی کی ترغیب دیں۔ یقینا نیک لوگوں کی صحبت میں فائدہ یقینی ہے اور بُرے لوگوں کی رفاقت نقصان سے خالی نہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ﴾ (سورۃ التوبہ:119)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور سچوں کے ساتھ رہو۔

﴿وَ يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا (٢٧) يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا (٢٨)﴾

اور جس دن ظالم انسان (حسرت سے) اپنے ہاتھوں کو کاٹ کھائے گا، اور کہے گا: کاش میں نے پیغمبر کی ہمراہی اختیار کرلی ہوتی۔ ہائے میری بربادی! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا۔ (سورہ الفرقان آیت نمبر 28-27)

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ نیک ہم نشین کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک شخص مشک لیے ہوئے ہو (اور بُرے ساتھی کی مثال ایسی ہے جیسے) ایک شخص بھٹی دھونک رہا ہو، وہ عطر فروش یا تو تم کو کچھ عطر دے دے گا اور اگر کچھ نہ بھی دے تو تمہیں اس سے خوش بو پہنچ جائے گی اور بھٹی دھونکنے والا (آگ جلانے والا) یا تو تمہارے کپڑوں کو جلا دے گا اور اگر اس سے بچ بھی گئے تو اس کی گندی بو کم از کم تمہیں ضرور پہنچے گی۔ (بخاری و مسلم)

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فوائد الصحبت میں ارشاد فرماتے ہیں: کسی کے پاس رہنا عجیب چیز ہے، کیسا ہی کم ہمت آدمی ہو، لیکن جس فن کے آدمی کے پاس بیٹھے گا، اسے اس فن کی باتوں سے رغبت، مناسبت اور ہمت و عادت پیدا ہو جاتی ہے، اگر آدمی عقل مندوں میں رہے تو عقل مندی آجاتی ہے، بے وقوفوں میں رہے تو انسان بے وقوف ہو جاتا ہے، عورتوں میں رہے تو زنانہ پن آجاتا ہے، سپاہیوں میں رہے تو مردانگی اور جرات پیدا ہو جاتی ہے، اپاہجوں میں رہے تو کاہل پن آجاتا ہے، غرض صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے۔

مجاہدہ: خواہشات نفسانی اور گناہوں سے بچنے کے لیے کوششیں کریں۔ مجاہدات 'مجاہدہ' کی جمع ہے اور مجاہدہ 'جہد' سے نکلا ہے جس کے لغوی معنی سخت محنت و مشقت، طاقت و استقامت، کوشش اور جدوجہد کے ہیں۔ ہر وہ عمل جس کا مقصد تزکیۂ نفس کرتے ہوئے رضائے الٰہی اور لقائے الٰہی کا حصول ہو ''مجاہدہ'' کہلاتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ (سورۃالعنکبوت:69)

اور جنھوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم انہیں ضرور اپنی راہیں سمجھادیں گے، اور بے شک اللہ نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔

﴿اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ② وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ③﴾ (سورۃالعنکبوت:2-3)

"کیا لوگ خیال کرتے ہیں یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لائے ہیں چھوڑ دیے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی۔اور جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ہیں ہم نے انہیں بھی آزمایا تھا، سو اللہ انہیں ضرور معلوم کرے گا جو سچے ہیں اور ان کو بھی جو جھوٹے ہیں"

انسان کے اس دنیا میں آنے کا مقصد اللہ جلّ شانہ کی بارگاہ میں کئے گئے وعدۂ اَلست کی تکمیل ہی ہے اور اسی وعدہ کی پرکھ کے لیے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ نے حضرتِ انسان کو دنیا کی آزمائش گاہ میں بھیج دیا۔ اگر اب بھی کوئی شخص یہ خیال کرے کہ وہ بغیر کسی محنت ومشقت (مجاہدہ) کے قربِ الٰہی پالے گا تو یہ محض اس کی خام خیالی ہوگی۔ راہِ فقر و تصوف میں مجاہدہ کو نہایت اہمیت حاصل ہے، ہر طالبِ حق کو اپنے روحانی سفر میں سخت محنت ومشقت اور مختلف مجاہدات سے گزرنا پڑتا ہے۔ حتیٰ کہ انبیا کرام نے بھی سخت جانی ومالی مجاہدات کیے، راہِ حق میں اپنا گھر بار چھوڑا، سفر کی تکالیف برداشت کیں، اپنا تمام مال قربان کیا اور راہِ حق کے لیے میدانِ جنگ میں جہاد کیے۔

